بخدمت جناب حضرت مولانا شیخ الحدیث مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہ العالیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعدہٗ امید ہے کہ آپ بخیر وعافیت ہوں گے۔ دعا ہے کہ آپ کی زندگی میں اللہ تعالیٰ حضرت ہمارے جیسے کم علم کے واسطے برکت عطا فرمائیں۔

حضرت مفتی صاحب ایک مسئلہ کو سمجھنا چاہتا ہوں۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو تین بار کہے کہ میں نے تم کو چھوڑا ہے یا یوں کہے کہ میں نے تم کو آزاد کیا ہے۔ تو ان الفاظ سے تین طلاقیں واقع ہوگی یا ایک طلاق رجعی۔

بندے کو اس دوسری اور تیسری طلاق کی لحوق اور عدم لحوق کے بارے میں کچھ شبہ پیدا ہوا ہے جسے حل کرنے کے واسطے حضرت دامت برکاتہ عالیہ سے رجوع کرتا ہوں۔ شبہ یہ ہے کہ فتاویٰ عثمانی جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۳۴۶ فتویٰ نمبر ۱/۵۸۶ میں البائن لا یلحق البائن کے سوال اور جواب سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ تو آزاد ہے کے الفاظ باعتبار اصل وضع کنایہ ہے۔ لہٰذا وہ طلاق سابق (خواہ وہ صریح ہو یا کنایہ) سے عدت کے دوران لاحق نہیں ہوں گے۔

لیکن اس سے چند صفحات پہلے صفحہ (۳۴۴ فتویٰ نمبر ۱۹/۲۳۱ الف) میں تین مرتبہ لفظ چھوڑا ہے تین طلاقیں مغلظہ کی وقوع کا فتویٰ دی گئی ہے

برائے مہربانی شبہ حل کر کے جواب سے مطلع فرمائیں

والسلام

مستفتی رفیع اللہ حقانی

(جواب منسلک ہے)

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۱۶/۲۰۲۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداً و مصلیاً

جواب سے پہلے بطور تمہید چند باتیں ملاحظہ فرمائیں۔

(الف)۔۔۔ طلاقِ صریح کی دو قسمیں ہیں۔

۱۔ صریحِ رجعی

۲۔ صریحِ بائن۔

(ب)۔۔۔ آجکل ہمارے عرف میں بہت سے الفاظِ کنایات طلاق میں صریح بن چکے ہیں، ان سے بغیر نیت کے بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے، اگرچہ اصل وضع کے اعتبار سے وہ کنایہ ہیں، البتہ ان میں سے بعض الفاظ سے طلاقِ رجعی واقع ہوتی ہے اور بعض سے بائن واقع ہوتی ہے۔

حرام، آزاد اور چھوڑنا الفاظِ کنایات میں سے ہونے کے باوجود طلاق میں صریح بن چکے ہیں، ان سے بغیر نیت کے طلاق واقع ہو جاتی ہے، البتہ لفظِ حرام سے طلاق بائن اور لفظِ آزاد اور لفظِ چھوڑنا سے طلاقِ رجعی واقع ہوتی ہے۔ (البتہ لفظِ آزاد اور لفظِ چھوڑنا سے طلاق کے وقوع کیلئے طلاق کا قرینہ پایا جانا ضروری ہے)

(ج)۔۔۔ جو الفاظِ کنایات طلاق میں صریح بن چکے ہیں، ان میں سے جن الفاظ سے طلاق بائن واقع ہوتی ہے وہ البائن لایلحق البائن کے حکم میں ہیں اور جن الفاظ سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے، وہ الصریح یلحق الصریح کے حکم میں ہیں، البتہ ایسی رجعی طلاق جو اصل وضع میں کنائی ہو بائن سے لاحق نہیں ہو گی۔

تمہید کے بعد سوال کے جواب کو ملاحظہ فرمائیں کہ اگر کسی نے اپنی بیوی سے تین بار یہ الفاظ کہے "تم آزاد ہو یا تم کو چھوڑا" تو اس سے اس کی بیوی پر تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی، کیونکہ یہاں سابق طلاق رجعی ہے، البتہ استفتاء میں فتاویٰ عثمانی کے دو مسئلوں کے حوالے سے جو شبہ ذکر کیا گیا ہے دراصل وہ شبہ فتاویٰ عثمانی جلد دوم صفحہ نمبر ۳۷۶ میں ذکر کردہ سوال میں "لفظ آزاد" سے پیدا ہوا ہے جبکہ حضرت دامت برکاتہم العالیہ نے اس کا جو جواب ذکر کیا ہے اس کا مدار اس بات کو بنایا ہے کہ اگر کوئی لفظ اصل وضع کے اعتبار سے کنائی ہو لیکن پھر وہ طلاقِ بائن میں صریح بن جائے تو وہ لحوق اور عدمِ لحوق میں بائن کے حکم میں ہی ہو گا یعنی ایسے الفاظ پر "البائن لایلحق البائن" والا حکم ہی لگے گا، پھر اس بات کی وضاحت سوال کے مطابق لفظِ حرام والے مسئلے سے کی کیونکہ لفظِ حرام اب طلاق بائن کے واقع ہونے میں صریح بن چکا ہے، حضرت دامت برکاتہم العالیہ نے جواب میں لفظِ آزاد سے تعرض نہیں کیا کیونکہ "آزاد اور چھوڑا" یہ دونوں لفظ طلاقِ رجعی

(جاری ہے۔۔۔)

Scanned by CamScanner

میں صریح بن چکے ہیں ان پر "البائن لایلحق البائن" والا حکم نہیں لگے گا بلکہ ان پر "الصریح یلحق الصریح" والا حکم لگے گا۔ مذکورہ تفصیل کے مطابق فتاویٰ عثمانی جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۳۴۴ اور ۳۷۶ پر مذکور دونوں مسئلوں میں کوئی تعارض نہیں، دونوں اپنی اپنی جگہ درست ہیں

(الف،ب)-------

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (٣ / ٢٥٠)

مطلب الصريح نوعان رجعي وبائن ففي البدائع أن الصريح نوعان: صريح رجعي، وصريح بائن. فالأول أن يكون بحروف الطلاق بعد الدخول حقيقة غير مقرون بعوض ولا بعدد الثلاث لا نصا ولا إشارة ولا موصوف بصفة تنبئ عن البينونة أو تدل عليها من غير حرف العطف ولا مشبه بعدد أو صفة تدل عليها. وأما الثاني فبخلافه، وهو أن يكون بحروف الإبانة بحروف الطلاق، لكن قبل الدخول حقيقة أو بعده، لكن مقرونا بعدد الثلاث نصا أو إشارة أو موصوفا بصفة تنبئ عن البينونة أو تدل عليها من غير حرف العطف، أو مشبها بعدد أو صفة تدل عليها. اهـ.

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (٣ / ٣٠٦)

(الصريح يلحق الصريح و) يلحق (البائن) بشرط العدة (والبائن يلحق الصريح) الصريح ما لا يحتاج إلى نية بائنا كان الواقع به أو رجعيا فتح، (قوله بائنا كان الواقع به أو رجعيا) يؤيده ما قدمناه في أول فصل الصريح عن البدائع من أن الصريح نوعان: صريح رجعي، وصريح بائن،

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (٣ / ٢٩٩)

ثم اعلم أن ما ذكره من الإيراد والجواب مذكور في البزازية أيضا، ومقتضى الجواب وقوع الرجعي به في زماننا لأنه لم يتعارف إيقاع البائن به فإن العامي الجاهل الذي يحلف بقوله علي الحرام لا أفعل كذا لا يميز بين البائن والرجعي فضلا على أن يكون عرفه إيقاع البائن به، وإنما المعروف عنده أن من حنث بهذا اليمين يقع عليه الطلاق مثل قوله علي الطلاق لا أفعل كذا، وقد مر أن الوقوع بقوله علي الطلاق إنما هو للعرف لأنه في حكم التعليق، وكذا علي الحرام وإلا فالأصل عدم الوقوع أصلا كما في طلاقك علي كما تقدم تقريره، فحيث كان الوقوع بهذين اللفظين للعرف ينبغي أن يقع بهما المتعارف بلا فرق بينهما، وإن كان الحرام في الأصل كناية يقع بها البائن لأنه لما غلب استعماله في الطلاق لم يبق كناية، ولذا لم يتوقف على النية أو دلالة الحال، ولا شيء من الكناية يقع به الطلاق بلا نية أو دلالة الحال كما صرح به في

(جاری ہے---)

Scanned by CamScanner

البدائع، ويدل على ذلك ما ذكره البزازي عقب قوله في الجواب المار إن المتعارف به إيقاع البائن لا الرجعي، حيث قال ما نصه: بخلاف فارسية قوله سرحتك وهو " رهاء كردم " لأنه صار صريحا في العرف على ما صرح به نجم الزاهدي الخوارزمي في شرح القدوري اه- وقد صرح البزازي أولا بأن: حلال الله علي حرام أو الفارسية لا يحتاج إلى نية، حيث قال: ولو قال حلال " أيزدبروي " أو حلال الله عليه حرام لا حاجة إلى النية، وهو الصحيح المفتى به للعرف وأنه يقع به البائن لأنه المتعارف ثم فرق بينه وبين سرحتك فإن سرحتك كناية لكنه في عرف الفرس غلب استعماله في الصريح فإذا قال " رهاكردم " أي سرحتك يقع به الرجعي مع أن أصله كناية أيضا، وما ذاك إلا لأنه غلب في عرف الفرس استعماله في الطلاق وقد مر أن الصريح ما لم يستعمل إلا في الطلاق من أي لغة كانت، لكن لما غلب استعمال حلال الله في البائن عند العرب والفرس وقع به البائن ولولا ذلك لوقع به الرجعي.

والحاصل أن المتأخرين خالفوا المتقدمين في وقوع البائن بالحرام بلا نية حتى لا يصدق إذا قال لم أنو لأجل العرف الحادث في زمان المتأخرين، فيتوقف الآن وقوع البائن به على وجود العرف كما في زمانهم. وأما إذا تعورف استعماله في مجرد الطلاق لا بقيد كونه بائنا يتعين وقوع الرجعي به كما في فارسية سرحتك ومثله ما قدمناه في أول باب الصريح من وقوع الرجعي بقوله " سن بوش " أو " بوش " أول في لغة الترك مع أن معناه العربي أنت خلية، وهو كناية لكنه غلب في لغة الترك استعماله في الطلاق، وهذا ما ظهر لفهمي القاصر، ولم أر أحدا ذكره وهي مسألة مهمة كثيرة الوقوع فتأمل، ثم ظهر لي بعد مدة ما عسى يصلح جوابا، وهو أن لفظ حرام معناه عدم حل الوطء ودواعيه وذلك يكون بالإيلاء مع بقاء العقد وهو غير متعارف، ويكون بالطلاق الرافع للعقد، وهو قسمان: بائن ورجعي، لكن الرجعي لا يحرم الوطء فتعين البائن. وكونه التحق بالصريح للعرف

(ج)-----

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (٣ / ٣١٠)

(قوله أو أبنتك بتطليقة) عطف على بائن الثانية أي أنت بائن أبنتك بتطليقة. اهـ ح وأشار به إلى أنه لا يشترط اتحاد اللفظين فشمل ما إذا كان الأول بلفظ الكناية البائنة أو الخلع أو الطلاق الصريح إذا كان على مال أو موصوفا بما ينبئ عن البينونة كما علم مما قدمناه بعد كون الثاني بلفظ الكناية البائنة

(جاری ہے۔۔۔)

Scanned by CamScanner

كالخلع ونحوه مما يتوقف على النية ولو باعتبار الأصـــل كانت حرام، بخلاف الكناية الرجعية فإنها في حكم الصريح فتلحق البائن كما مر

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (٣ / ٣٠٦)

وأما الكناية الرواجع كاعتدي واستبرئي رحمك وأنت واحدة وما ألحق بها فإنها وإن كانت تلحق البائن في ظاهر الرواية بشـرط النية لكنها لما وقع بها الرجعي كانت في معنى الصـريح كما في البدائع: أي فهي ملحقة بالصـريح في حكم اللحاق للبائن، أفاده في البحر.

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (٣ / ٣٠٦)

قال ح: ولا يرد أنت علي حرام على المفتى به من عدم توقفه على النية مع أنه لا يلحق البائن، ولا يلحق البائن لكونه بائنا لما أن عدم توقفه على النية أمر عرض له لا بحسب أصل وضعه. اهـ.

وفي المنصوري شرح المسعودي للراسخ المحقق أبي منصور السجستاني: المختلعة يلحقها صـريح الطلاق إذا كانت في العدة، والكناية أيضـا تلحقها إذا كانت في حكم الصـــريح كاعتدي إلخ. ثم قال: والكنايات والبوائن لا تلحقها أي المختلعـة، وإن كـان الطلاق رجعيـا يلحقهـا الكنـايات لأن ملـك النكـاح باق.....قال في فتح القدير: الحق أنه يلحقها لما سمعت من أن الصـــريح وإن كان بائنا يلحق البائن ومن أن المراد بالبائن الذي لا يلحق هو ما كان كناية.....والله سبحانه وتعالى اعلم.

محمد اويس سيالكوتي عفي عنه
دار الافتاء جامعه دار العلوم كراچي
١٩/ ربيع الاول/ ١٤٤٠ھ

الجواب صحيح
مفتي محمد تقي عثماني عفي عنه
١٨-٣-١٤٤٠ھ

الجواب صحيح
احقر محمود اشرف غفر الله
١٩-٣-١٤٤٠ھ
28-11-2018

الجواب صحيح
محمد يعقوب عفي عنه
١٩/٣/١٤٤٠ھ

الجواب صحيح
مفتي محمد طاهر غزنوي
١٩/٣/١٤٤٠ھ

الجواب صحيح
بنده محمود الحسن عفي عنه
١٩/٣/١٤٤٠ھ

الجواب صحيح
١٩/٣/١٤٤٠ھ

Scanned by CamScanner